﴾فرسخ میل اور کیلو میٹر کا حساب﴿

پچھلے زمانے میں عرب میں برید، فرسخ، اور غلوہ رائج تھے، بعد میں میل شرعی آیا اور ابھی دنیا میں انگریزی میل اور کیلو میٹر کا حساب رائج ہے۔ اس لئے ان کی تفصیل یہ ہے۔

ایک برید چار فرسخ کا ہوتا ہے۔ اور ایک فرسخ تین شرعی میل کا ہوتا ہے۔ اور ایک شرعی میل چار ہزار ہاتھ یعنی دو ہزار گز کا ہوتا ہے۔ اس طرح ایک برید بارہ شرعی میل کا ہوا۔ ایک برید چار فرسخ کا ہوتا ہے اس کا ذکر عبد اللہ بن عباسؓ کے اثر میں ہے۔ کان ابن عمر و ابن عباس یقصران ویفطران فی اربعة برد وھو ستة عشر فرسخا – (بخاری شریف، باب فی کم یقصر الصلاة، ص ۱۴۷، نمبر ۱۰۸۶) اس اثر میں ہے کہ چار برید سولہ فرسخ کا ہوتا تھا۔ یعنی ایک برید چار فرسخ کا۔ اور چار برید سولہ فرسخ کا ہوا جس پر عبد اللہ بن عمر اور عبد اللہ بن عباس سفر کا حکم لگاتے تھے۔

اور ایک فرسخ تین میل کا ہوتا ہے۔ اور ایک میل شرعی چار ہزار ہاتھ کا۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ دو ہزار گز کا میل ہوا۔ اس کی دلیل در مختار کی یہ عبارت ہے۔ الفرسخ: ثلاثة امیال والمیل: اربعة آلاف ذراع (رد المحتار علی در المختار، باب صلوة المسافر، ج ثانی، ص ۵۲۵) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ فرسخ تین میل کا ہوتا ہے۔ اور ایک میل شرعی دو ہزار گز کا ہوتا ہے۔ اب بارہ فرسخ کو تین میل سے ضرب دیں تو ۴۸ میل شرعی ہوئے۔

(میل شرعی، میل انگریزی اور کیلو میٹر میں فرق)

میل انگریزی میل شرعی سے 1.1363 چھوٹا ہوتا ہے۔ کیونکہ میل انگریزی 1760 گز کا ہوتا ہے۔ اور کیلو میٹر شرعی میل سے 1.828 چھوٹا ہوتا ہے۔ اس لئے کہ کیلو میٹر صرف 1093.69 گز کا ہوتا ہے۔ اور کیلو میٹر انگریزی میل سے 1.6092 فیصد چھوٹا ہوتا ہے۔ اس حساب سے 48 میل شرعی 54.545 میل انگریزی ہوگا۔ اور 87.782 کیلو میٹر ہوگا۔ جس پر قصر نماز کا حکم لگایا جا سکے گا۔ کلکیولیٹر سے حساب کر لیں۔

(برید، فرسخ، کیلومیٹر اور میل کا حساب ایک نظر میں)

کون	کتنا	کتنا چھوٹا
ایک میل شرعی	2000 گز	
ایک میل انگریزی	1760 گز	1.1363
ایک کیلومیٹر	1093.63 گز	1.8288
ایک کیلومیٹر	انگریزی میل سے چھوٹا ہوتا ہے	1.6092
ایک فرسخ	3	میل شرعی
ایک فرسخ	3.409	میل انگریزی
ایک فرسخ	5.486	کیلومیٹر
ایک برید	4	فرسخ
ایک برید	12	میل شرعی
ایک برید	13.635	میل انگریزی
ایک برید	21.936	کیلومیٹر
16 فرسخ	48	میل شرعی
16 فرسخ	54.545	میل انگریزی
16 فرسخ	87.782	کیلومیٹر